**بینک دولت پاکستان**

**شعبۂ مبادلہ پالیسی**

**آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی**

ایف ای سرکلر نمبر 14 — 29 نومبر 2018ء

صدور / چیف ایگزیکٹوز،

زرِمبادلہ کے تمام مجاز ڈیلرز

محترم / محترمہ،

**فارن ایکسچینج مینوئل کے منتخب ابواب پر نظر ثانی**

جیسا کہ مجاز ڈیلرز آگاہ ہیں، اسٹیٹ بینک مختلف فریقوں بشمول مجاز ڈیلرز سے مشاورت کے ساتھ فارن ایکسچینج مینوئل پر مرحلہ وار نظر ثانی کر رہا ہے۔

2۔ اس حوالے سے، ابتدائی طور پر مینوئل کے درج ذیل ابواب پر نظر ثانی کی گئی ہے:

باب 1: تعارف

باب 2: مجاز ڈیلرز

باب 3: زرِمبادلہ کے لین دین میں محدود اجازت

باب 4: فارورڈ ایکسچینج کی سہولتیں

باب 5: نوسٹرو اکاؤنٹس اور مجاز ڈیلرز کے لیے زرِمبادلہ کے انکشاف کی حدود

باب 7: مجاز ڈیلرز کی بیرونِ ملک برانچوں، غیر ملکی کرسپانڈنٹس، اور غیر مقیم مبادلہ کمپنیوں کے روپے کے غیر مقیم اکاؤنٹس

باب 19: قرضے، اوورڈرافٹ اور ضمانتیں

3۔ واضح رہے کہ پچھلے باب 3 کو نظر ثانی شدہ باب 2 میں ضم کر دیا گیا ہے اور جیسا کہ اوپر بتایا گیا ہے، ایک نیا باب 3 شامل کیا گیا ہے۔

4۔ اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ پر موجود فارن ایکسچینج مینوئل کے متعلقہ ابواب کو نظر ثانی شدہ ابواب سے تبدیل کیا جا رہا ہے جو ذیل کے لنک پر دستیاب ہیں:
http://www.sbp.org.pk/fe_manual/index.htm.

5 مجاز ڈیلرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ من و عن عمل درآمد کے لیے درج بالا معلومات کو اپنے تمام متعلقین کے علم میں لائیں۔

آپ کا مخلص

**(ارشد محمود بھٹی)**

ڈائریکٹر